This question paper contains **4+2** printed pages]

Your Roll No.......................

256

B.A. (PROGRAMME)/I **J**

(Language Course)

URDU LANGUAGE (B)—Paper I

(For Candidates who Studied Urdu upto 10th Level)

(Admission of 2005 and onwards)

Time : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : تمام سوالات کے جواب لازمی ہیں۔

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے: ۱۵

(الف)

"بندہ پرور! میں تو بنی آدم کو، مسلمان ہو یا ہندو یا نصرانی، عزیز رکھتا ہوں اور اپنا بھائی گنتا ہوں۔ دوسرا مانے یا نہ مانے، باقی

P.T.O.

رہی وہ عزیز داری، جس کو اہلِ دینا قرابت کہتے ہیں، اُس کو قوم اور ذات اور مذہب اور طریق شرط ہے اور اس کے مراتب اور مدارج ہیں۔ نظر اس دستور پر اگر دیکھو تو مجھ کو اُس شخص سے خس برابر علاقہ عزیز داری کا نہیں، از راہِ حسنِ اخلاق اگر عزیز لکھ دیا تو کیا ہوتا ہے؟''

(ب)

''اصلی شاعری وہی ہے جس کو سامعین سے کچھ غرض نہ ہو لیکن جو لوگ بہ تکلف شاعر بنتے ہیں، ان کا بھی فرض ہے کہ ان کے اندازِ کلام سے یہ مطلق نہ پایا جائے کہ وہ سامعین کو مخاطب کرنا چاہتے ہیں۔ ایک ایکٹر کو خوب معلوم ہے کہ بہت سے حاضرین اس کے سامنے موجود ہیں، لیکن اگر ایکٹ کی حالت میں وہ اس علم کا اظہار کر دے تو سارا پارٹ غارت ہو جائے گا۔''

جنبش ہوئی لبوں کو بھری سرد ایک آہ

لی گوشہ ہائے چشم سے اشکوں نے رخ کی راہ

چہرے کا رنگ حالتِ دل کھولنے لگا

ہر موئے تن زباں کی طرح بولنے لگا

(ب)

فیاض و جوآد و نیک نیت.

بھڑکی اُس کی رگِ حمیّت

بولا للکار کر کہ آؤ

میرے پیچھے قدم بڑھاؤ

کرگزرو جو ہو سکے کچھ احسان

ڈالو مردہ زمین میں جان

یارو یہ اگر مگر کہاں تک

اپنی سی کرو جہاں تک

مل کر جو کرو گے جاں فشانی

میداں پہ پھیر دو گے پانی

۲۔ مندرجہ ذیل شعری اقتباسات میں سے کسی **ایک** کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے: ۱۵

(الف)

دل کو سنبھالتا ہوا آخر وہ نونہال
خاموش ماں کے پاس، گیا صورتِ خیال
دیکھا تو ایک در میں بیٹھی ہے وہ خستہ حال
سکتہ سا ہو گیا ہے یہ ہے شدتِ ملال
تن میں لہو کا نام نہیں رنگ زرد ہے
گویا بشر نہیں کوئی تصویر سنگ ہے
کیا جانے کس خیال میں گُم تھی وہ بے گناہ
نورِ نظر پہ دیدۂ خسرت سے کی نگاہ